## معروف پشتون رہنما اور عوامی نیشنل پارٹی کراچی ایسٹ کے سابق صدر

## ڈاکٹر اسلم جان نے متعدد ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کر دیا

## حق پرست قوم پرست ہوں اس لئے ہر قوم کے حقوق کیلئے جدوجہد کروں گا، نائن زیرو پر ڈاکٹر اسلم جان کی پریس کانفرنس

کراچی۔۔۔29، اگست 2007ء (اسٹاف رپورٹر)

معروف پشتون رہنما، باچا خان کے پیروکار اور عوامی نیشنل پارٹی کراچی ایسٹ کے سابق صدر ڈاکٹر اسلم جان نے بڑی تعداد میں اپنے ساتھیوں سمیت قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ، نظریئے اور ملک بھر کے 98 فیصد عوام کے حقوق کی جدوجہد سے متاثر ہو کر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے اور اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وہ حق پرستی کی تحریک کے پیغام کو مردان سمیت ملک بھر میں پھیلانے کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کریں گے۔ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان انہوں نے بدھ کے روز ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر منعقدہ ایک پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبد الحسیب، رکن اشفاق منگی، ایم کیو ایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردار خان، جوائنٹ انچارج خورشید مکرم اور اراکین بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر اسلم جان نے کہا کہ عروس البلاد کراچی میں گھناؤنی سازشوں کا سلسلہ 1986ء میں شروع ہوا اور ان سازشوں کا شکار مسلسل غریب پختون، سرائیکی، پنجابی، سندھی اور اردو بولنے والے ہو رہے ہیں اور ان گھناؤنی سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے میں اپنا ہر ممکن کردار ادا کروں گا اور یہ میرے نزدیک فرض ہے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا فیصلہ میں نے اپنے دیرینہ ساتھیوں کے مشورے سے کیا ہے اور ہم ایم کیو ایم میں ایک کارکن کی حیثیت سے کام کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کا بنیادی مسئلہ وسائل کی غلط تقسیم ہے، ملک کے مراعات یافتہ طبقے کے پاس ان کی ضروریات سے زیادہ وسائل موجود ہیں جبکہ ملک کا اکثریتی 98 فیصد غریب و متوسط طبقہ کو احساس محرومی کا سامنا ہے لہٰذا ضرورت اس بات کی ہے کہ غیر منصفانہ نظام کے خلاف قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کئے جائیں جو 98، فیصد عوام کے حقوق کی بلاتفریق جدوجہد کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم میں غریب و متوسط طبقے کیلئے کافی گنجائش موجود ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین انسانیت کی خدمت کر رہے ہیں اور انسانیت کی خدمت کی اس جھلک کو دنیا بھر نے 8، اکتوبر کے زلزلہ کے بعد اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ہی اپنے کاز، مشن، مقصد اور نظریئے سے مخلص ہیں اور وہی ملک میں موجود طبقاتی ناہمواریوں سے نجات دلا سکتے ہیں۔ انہوں نے کراچی کے پختون بھائیوں سے اپیل کی کہ وہ آگے آئیں اور 1986ء سے لیکر 12، مئی 2007 کو ہونے والی سازشوں کو ناکام بنا دیں کیونکہ ان سازشوں سے نقصان ہم غریبوں کا ہی ہو گا اور پلاٹ، فیکٹریاں دیگر مراعات یافتہ لوگ حاصل کریں گے اور ہماری نااتفاقی کی وجہ سے ہی غریب غریب تر اور امیر امیر تر ہو رہا ہے۔ بعد ازاں انہوں نے صحافیوں کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے کہا کہ میں نے 1988ء میں اے این پی چھوڑ دی تھی اور 1991ء سے سیاست میں عملی طور پر حصہ نہیں لیا، میں محسوس کرتا ہوں کہ میں نے اپنا فرض دوبارہ بہت دیر شروع کیا انشاء اللہ میں متحدہ قومی موومنٹ کے پیغام کو مردان تک پہنچاؤں گا اور کوشش کروں گا کہ وہاں کے غریب عوام ہی اسمبلیوں میں جائیں تا کہ ان کے مسائل حل ہو سکیں۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اے این پی نے اپنے نظریات سے ہٹ کر یوٹرن لیا تھا اس لئے میں نے اس سے علیحدگی اختیار کی۔ انہوں نے کہا کہ میں صوبہ سرحد کے نام کی تبدیلی کے حق میں ہوں اور میں حق پرست قوم پرست ہوں اس لئے ہر قوم کے حقوق کیلئے جدوجہد کروں گا۔ قبل ازیں رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم نے کہا کہ ایم کیو ایم کا نظریہ ملک کے کونے کونے میں پھیل رہا ہے یہی وجہ ہے کہ لوگ جوق در جوق ایم کیو ایم میں شمولیت اختیار کر رہے ہیں۔ انہوں نے ڈاکٹر اسلم جان کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا زبردست خیر مقدم کیا اور اسے ملک کے 98، فیصد غریب و متوسط طبقے کے عوام کیلئے خوش آئند قرار دیا۔

## محمود آباد یوسی 5 کے حق پرست کونسلر راؤ اسلم سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔29، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے محمود آباد یوسی 5 کے حق پرست کونسلر راؤ اسلم کے والد راؤ عبدالستار کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## شب برات کے موقع پر شعیب بخاری نے رکن قومی اسمبلی نثار پنہوراور لیاقت آباد ٹاؤن کے ناظم اسامہ قادری کے ہمراہ قبرستانوں کا دورہ کیا

کراچی۔۔۔29،اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر شعیب بخاری، رکن قومی اسمبلی نثار پنہوراورحق پرست ٹاؤن ناظم حافظ اسامہ قادری کے ہمراہ شب برات کے موقع پر شہر کے مختلف قبرستانوں کا دورہ کیااور وہاں صفائی ستھرائی اور لائٹنگ کے انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے لیاقت آباد قبرستان کا بھی دورہ کیااور شہریوں سے ملاقاتیں کیں۔ اس موقع پر شہریوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حق پرست قیادت نے قبرستانوں اوراس کے اطراف کے راستوں پر صفائی، ستھرائی، لائیٹنگ اور پینے کے پانی کے بہترین انتظامات کئے ہیں جس کے باعث قبرستانوں میں فاتحہ خوانی کیلئے آنے والے شہریوں کو بہت سہولت حاصل ہوئی ہے۔ بعدازاں انہوں نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کی جانب سے قبرستان کے باہر شہریوں کی سہولت کیلئے لگائے گئے طبی اوراستقبالیہ کیمپوں کا دورہ کیااور کیمپوں پر موجود کارکنان کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## گیلانی آباد ملیر ٹاؤن کے پختون، پنجابی اور سرائیکی نوجوانوں اور بزرگوں کی متحدہ میں شمولیت

کراچی۔۔۔29،اگست 2007ء

ملیر ٹاؤن کے علاقے گیلانی آبادیوسی 4 کے رہائشی پختون، پنجابی اور سرائیکی قومیتوں سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں اور بزرگوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت گیلانی آباد میں منعقدہ اجتماع میں کیا۔اجتماع میں حق پرست وفاقی وزیر مملکت برائے مذہبی امور ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ ، حق پرست رکن سندھ اسمبلی حمید الظفر اور ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردار خان اور دیگر اراکین بھی موجود تھے۔متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والوں میں محمد نواز،گل شہزادہ،محمد سلیم،محمد شاہد،نعیم اختر،محمد اسلم،محمد رمضان فضل،منیر احمد اور دیگر نوجوان اور بزرگ شامل ہیں۔قبل ازیں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست وفاقی وزیر مملکت برائے مذہبی امور ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ نے کہا کہ ملک انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے اوراب وقت آگیا ہے کہ ملک کو بچانے اورفرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہوجائیں۔انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت عوام کی عملی خدمت کررہی ہے اورزبانی جمع خرچ کے بجائے شہریوں کے دیرینہ مسائل حل کررہی ہے۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردار خان نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کا فکروفلسفہ ملک بھر میں خوشبو کی مانند پھیل رہا ہے اورانشاءاللہ عوام کا اتحاد فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے نوجوانوں اور بزرگوں کا خیرمقدم کیااورانہیں مبارکباد بھی پیش کی۔

☆☆☆☆☆